# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 02 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲؍مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ملک میں Orang Economy یعنی تخلیقی معیشت کا ہو رہا ہے آغاز؛ ممبئی میں منعقدہ پہلی Waves کانفرنس میں وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ ریاست کا 66 واں یومِ تاسیس کل ہر طرف منایا گیا جوش وخروش کے ساتھ۔

☆ حکومت کے 100 دنوں پر مشتمل Office Reforms Program کے نتائج کا اعلان؛ ناندیڑ ضلع کلکٹر دفتر اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولس کے دفتر کو دیا گیا اعزاز۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں گرمی کی شدت میں مزید اضافہ؛ پربھنی میں درجۂ حرارت 43 اعشاریہ سات ڈگری سیلسیئس ریکارڈ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اس وقت ملک میں Orang Economy یعنی تخلیقی معیشت اُبھر رہی ہے۔ وزیرِ اعظم کل ممبئی میں پہلی World Audio Visual & Intertainment Summit-2025 یعنی (ویوز کانفرنس) کا افتتاح کرنے کے بعد بول رہے تھے۔

وزیرِ اعظم نے کہا کہ انسانی ترقی کو صرف معلومات Technology یا رفتار کی بنیاد پر نہیں ماپا جاسکتا بلکہ اس کیلئے موسیقی، فن اور رقص کو بھی اہمیت دینی ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ تخلیقی افراد اپنی توانائی اور صلاحیت کے ذریعے تخلیقی انقلاب کو نئی شکل دے سکتے ہیں۔ وزیرِ اعظم نے عالمی سطح پر تخلیقی صلاحیت رکھنے والے افراد سے بھارت کو تخلیقی انقلاب کا مرکز بنانے کی اپیل کی۔ انھوں نے کہا کہ Waves صرف ایک کانفرنس کا مختصر نام نہیں بلکہ یہ ثقافت، تخلیقی صلاحیت اور عالمی رابطے کی ایک لہر ہے۔ مودی نے کہا:

**Byte: PM Narendra Modi**

اس موقع پر وزیرِ خارجہ ایس جے شنکر، اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو، گورنر سی پی رادھا کرشنن، وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور تفریحی صنعت کے دیگر معززین موجود تھے۔ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ ویوز کانفرنس تخلیق کاروں کو دنیا بھر کے سرمایہ کاروں سے جڑنے کا موقف فراہم کرتی ہے۔ وزیرِ موصوف نے یہ بھی بتایا کہ پہلا انڈین انسٹیٹیوٹ آف کریئیٹو ٹکنالوجی ممبئی میں قائم کیا جائے گا اور اس کیلئے مرکزی حکومت نے 400 کروڑ روپئے فنڈز منظور کیے ہیں۔

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ویوز کانفرنس میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ممبئی کا فلم سٹی جو تقریباً 500 ایکڑ کے رقبے پر پھیلا ہوا ہے، اب اگلی نسل کے اسٹوڈیو ایکو سسٹم کیلئے عالمی مرکز کے طور پر تیار کیا جا رہا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ اس زمین کے 120 ایکڑ رقبے پر ایک میڈیا اور تفریحی شہر بنایا جائے گا، جس میں اینیمیشن ویژول ایفیکٹس اور پر توجہ دی جائے گی۔ اداکار شاہ رخ خان نے ردّعمل میں کہا کہ ویوز صرف ایک کانفرنس نہیں بلکہ ایک تحریک ہے، جس کا آغاز وزیرِ اعظم نے کیا ہے۔

***** ***** *****

ریاستِ مہاراشٹر کا 66 واں یومِ تاسیس کل ہر طرف مختلف پروگرامس کے انعقاد کے ساتھ جوش وخروش سے منایا گیا۔ تمام ضلعی ہیڈکوارٹرس پر پرچم کشائی کے پروگرامس منعقد کیے گئے۔ گورنر سی پی رادھا کرشنن نے ممبئی کے شیواجی پارک پر پرچم کشائی کی۔ ریاست کے یومِ تاسیس اور مزدوروں کے عالمی دن کے اس موقع پر گورنر نے شہریان کو مبارکباد پیش کی۔ انھوں نے سب سے مہاراشٹر کو جدید، مضبوط اور ترقی یافتہ بنانے کی اپیل کی۔

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ممبئی کے ہتاتما چوک پر واقع شہیدوں کی یادگار پر پھول چڑھا کر متحدہ مہاراشٹر کی تحریک میں اپنی جانوں کا نذرانہ دینے والوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ چھترپتی شیواجی مہاراج اور بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے بتائے ہوئے راستے پر چلتے ہوئے مہاراشٹر ملک کی ترقی میں مسلسل اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ میں کل مہاراشٹر ڈے ہر طرف جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ مرکزی سرکاری پرچم کشائی کی تقریب کا اہتمام چھترپتی سمبھا جی نگر میں کیا گیا۔ جہاں رابطہ وزیر سنجے شرساٹھ نے پرچم لہرایا۔ اس موقع پر ریاست کے قیام کیلئے جانیں قربان کرنے والوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اپنے خطاب میں رابطہ وزیر شرساٹھ نے کہا کہ صنعتی شعبے میں کام کرنے والے مزدوروں نے چھترپتی سمبھا جی نگر کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

***** ***** *****

اسی طرح ہنگولی کے نامدیو کوایت میدان پر رابطہ وزیر نرہری جھروال نے پرچم کشائی کی۔ انھوں نے کہا کہ ہنگولی ضلع سماجی، تعلیمی، معاشی اور ثقافتی میدان میں ترقی کر رہا ہے اور باشعور شہری ہونے کے ناطے ہم سب کو مل کر ضلع کی ہمہ گیر ترقی کیلئے کوشش کرنی چاہیے۔

***** ***** *****

وہیں دھاراشیو میں سرپرست وزیر پرتاپ سرنائیک نے ترنگا لہرایا۔ انھوں نے ریاست کے یومِ تاسیس کے موقع پر ضلع کلکٹر دفتر کے احاطے میں واقع شہیدوں کے یادگار ستون پر پھول چڑھا کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ انھوں نے محکمۂ پولس، تعلیم، زراعت سمیت مختلف شعبہ جات میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افراد اور اداروں کو تہنیت پیش کی۔

***** ***** *****

وہیں پربھنی میں پرچم کشائی کی تقریب ضلع کی رابطہ وزیر میگھنا ساکورے بورڈیکر کی موجودگی میں منعقد کی گئی۔ پرچم کشائی کے بعد اپنے خطاب میں انھوں نے یقین دلایا کہ وہ ضلع کی ترقی کیلئے پُر عزم ہے اور ترجیح کے طور پر زراعت، صحت، تعلیم، صنعت اور توانائی پر توجہ دیں گی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر ڈے کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب بیڑ میں صنعت اور تعمیراتِ عامہ کے مملکتی وزیر اِندرنیل نائیک، جالنہ میں سرپرست وزیر پنکجا منڈے اور ناندیڑ میں رابطہ وزیر اتل ساوے کی موجودگی میں منعقد کی گئی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل حکومت کے 100 دنوں کے Office Reforms Program کے نتائج کا اعلان کیا۔ وزیرِ اعلیٰ نے بتایا کہ گذشتہ 100 دنوں میں تمام محکموں کی جانب سے مقرر کردہ 902 اہم مقاصد میں سے 706 کو حاصل کر لیا گیا ہے۔ اس 100 روزہ جانچ میں خواتین اور بچوں کی ترقی کا محکمہ سب سے بہتر طور پر سامنے آیا ہے۔ اس کے بعد محکمۂ تعمیراتِ عامہ، محکمۂ زراعت، دیہی ترقی، ٹرانسپورٹ اور بندرگاہوں کے محکمے ہیں۔

ناندیڑ کے ضلع کلکٹر دفتر نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ریاست کے سرکاری دفاتر میں بہترین ضلع کلکٹر دفتر کے طور پر پانچواں مقام حاصل کیا ہے۔ وہیں ناندیڑ کے ہی ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولس آفس نے اس زمرے میں ریاست بھر میں دوسرا مقام حاصل کیا ہے۔

***** ***** *****

سوچھ بھارت مشن دیہی کے تحت چھتر پتی سمبھا جی نگر ضلع پریشد کی مہم ''کھاد کے گڑھے کو بھریں' اپنے گاؤں صاف کریں'' مہم کا آغاز کل ضلع کے سرپرست وزیر سنجئے شرساٹھ نے کیا۔ یہ مہم آئندہ 30 ستمبر تک جاری رہے گی۔ اسی بیچ سن 24-2023 کے سنت گاڑگے بابا گاؤں کی صفائی مہم کے انعامات کل شرساٹھ کے ہاتھوں تقسیم کیے گئے۔ ان میں سوئیگاؤں تعلقے کے جرنڈی گرام پنچایت نے پہلا اور نادر پور گرام پنچایت نے دوسرا مقام حاصل کیا، جبکہ چھتر پتی سمبھا جی نگر تعلقے کی دودھڑ گرام پنچایت نے تیسرا مقام حاصل کیا۔

***** ***** *****

کل بیڑ ضلع میں کھاد کے گڑھوں کو بھرنے اور اپنے گاؤں کو صاف رکھنے کی مہم شروع کی گئی۔ اس مہم کا مقصد دیہی علاقے کے مکینوں میں صحت کے حوالے سے رویئے میں تبدیلی لانا ہے تاکہ وہ کچرے کو ٹھکانے لگانے اور گندے پانی کی نکاسی کیلئے فراہم کی گئی سہولتوں سے فائدہ اٹھائیں۔ اسی طرح وہ اس مہم کے ذریعے نامیاتی کچرے کو کھاد میں بدل کر خودکی اور عوامی صحت کی حفاظت سے متعلق آگاہی حاصل کریں۔

***** ***** *****

لاتور ضلع کے چاکور تعلقے کے روہینہ گاؤں میں منشیات کی ایک فیکٹری کا انکشاف ہوا ہے۔ تاہم' ضلع کے سرپرست وزیر شیویندر سنگھ راجے بھونسلے نے وضاحت کی ہے کہ یہاں کی تیار کی جانے والی منشیات کی فراہمی لاتور شہر یا ضلع میں کہیں بھی نہیں ہے۔ موصوف کل ضلع منصوبہ بندی کمیٹی کے اجلاس کے بعد صحیفہ نگاروں سے بات کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ آنے والے دنوں میں پولس لاتور ضلع میں منشیات یا گٹکے کے خلاف سخت کارروائی کرے گی۔

***** ***** *****

ریاست میں سب سے زیادہ درجۂ حرارت آکولہ میں 45 ڈگری سیلسیئس درج کیا گیا۔ وہیں مراٹھواڑہ کے دھاراشیو میں گرمی کی شدت 42 ڈگری' چھتر پتی سمبھا جی نگر میں 42 اعشاریہ چار اور پربھنی میں 43 اعشاریہ سات ریکارڈ کی گئی۔ محکمۂ موسمیات نے بتایا ہے کہ اس ہفتے موسم خشک رہے گا اور آئندہ سنیچر کو چھتر پتی سمبھا جی نگر اور بیڑ اضلاع میں چند مقامات پر بارش ہونے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ملک میں Orang Economy یعنی تخلیقی معیشت کا ہو رہا ہے آغاز؛ ممبئی میں منعقدہ پہلی Waves کانفرنس میں وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ ریاست کا 66 واں یومِ تاسیس کل ہر طرف منایا گیا جوش وخروش کے ساتھ۔

☆ حکومت کے 100 دنوں پر مشتمل Office Reforms Program کے نتائج کا اعلان؛ ناندیڑ ضلع کلکٹر دفتر اور ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولس کے دفتر کو دیا گیا اعزاز۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں گرمی کی شدت میں مزید اضافہ؛ پربھنی میں درجۂ حرارت 43 اعشاریہ سات ڈگری سیلسیئس ریکارڈ۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔ ان خبروں کو آپ AIR چھتر پتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔